



# ڈرائی کلیننگ انڈسٹری میں خوش آمدید

**ایسوسی ایشن باڈی -** ڈرائی کلیننگ انسٹی ٹیوٹ آف آسٹریلیا - 1300 134 511
info@drycleanersweb.com.au | www.drycleanersweb.com.au
P O Box 432, Blairgowrie Vic 3942

## ڈرائی کلیننگ کیا ہے؟

ڈرائی کلیننگ صفائی کا ایک ایساعمل ہے جس میں پانی کی بجائے سالوینٹس جیسے پرکلوروایتھیلین (perchlorethylene ) یا ہائیڈرو کاربن استعمال ہوتےہیں۔ اگرچہ کپڑے گیلے تو ہو جاتے ہیں، لیکن وہ پانی سے ہونے والے اثرات، جیسے سکڑنا یا کپڑوں کے بگاڑ کا شکار نہیں ہوتے۔ مثال کے طور پر، واشنگ مشین میں ایک ٹشو ٹوٹ جاتا ہے، لیکن ڈرائی کلیننگ مشین میں یہ برقرار رہتا ہے۔

سالوینٹس گندگی، تیل، چکنائی، اور بہت سے گھریلو داغوں کو دور کرنے میں مؤثر ہوتے ہیں، خاص طور پر جب داغوں کو دور کرنے والےخصوصی ایجنٹوں کے ساتھ انہیں ملایا جاتا ہے۔ ڈرائی کلیننگ کروانا نازک یا ساخت برقرار رکھنے والے کپڑوں کے لیے بہترین ہوتا ہے کیونکہ عام دھلائی سےانہیں اچھی طرح سے سنبھالا نہیں جا سکتا۔

ڈرائی کلیننگ میں استری کرنا اور بھاپ کا استعمال کرنا بھی شامل ہوتا ہے، جس سے کپڑے کم سے کم بلوں (wrinkles) کے ساتھ ہموار اور پہننے کے لیے تیار دکھائی دیتے ہیں۔ یہ آخری مرحلہ اکثر اوقات سب سے اہم سمجھا جاتا ہے، کیونکہ گاہک توقع کرتے ہیں کہ ان کے کپڑے جب واپس آئیں گے تو وہ بالکل نئے کپڑوں کی طرح لگیں گے۔

یہ صرف کپڑوں کے لیے نہیں ہے — ڈرائی کلیننگ پردوں، رضائیوں کے کوّر اور کشن کوّر جیسی اشیاء کے لیے بھی مفید ہے۔ کپڑےچاہے دیکھنے میں صاف نظر آتے ہوں، ڈرائی کلیننگ کرنے سے نظرنہ آنے والی گندگی اور تیل جو وقت کے ساتھ ساتھ ریشوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں کو ہٹا دیتی ہے ، جس سے ان کی عمر کم ہونے کے بجائے بڑھنے میں مدد ملتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.drycleanersweb.com.au/resources/technical-information/dia-technical-videos




## ہمارا مشن

**ڈرائی کلیننگ انسٹی ٹیوٹ آف آسٹریلیا کا مشن ڈرائی کلیننگ انڈسٹری کو پروموٹ کرنا، فروغ دینا اور بڑھاوا دینا اور اس کے اراکین کے مفادات کی حمایت کرنا ہے۔**

## تربیت

DIA کی آن ڈیمانڈ ٹریننگ ویڈیوز یہاں پر خریدنے کے لیے دستیاب ہیں:

www.drycleanersweb.com.au

بالمشافہ تربیت دستیاب ہے بذریعہ:

LDCT

(02) 4954 8065

www.ldct.com.au

26a Pendlebury Road
Cardiff NSW 2285

BUSINESS VICTORIA

یہ دستاویز بزنس وکٹوریہ (Business Victoria) کے تعاون سے تیار کی گئی۔

## کون سی چیزیں ڈرائی کلین کی جاسکتی ہیں؟

### سب سے پہلے دیکھ بھال کا لیبل دیکھیں

آسٹریلیا کے قانون کے تحت، تمام ملبوسات میں *فائبرکے مواد اور دیکھ بھال کے لیبلز* ہونے چاہئیں۔ یہ لیبلز مینوفیکچرر یا امپورٹر کی ذمہ داری ہیں اور ACCC کے ذریعے انہیں ریگولیٹ کیا جاتا ہے۔ رہنمائی کے لیے، *ACCC پروڈکٹ سیفٹی کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں یا ڈرائی کلیننگ انسٹی ٹیوٹ آف آسٹریلیا کی کیئر لیبل گائیڈ* دیکھیں۔

**اگر دیکھ بھال کا کوئی لیبل نہیں ہے؟**

اگر لباس پر کوئی لیبل نہیں ہے، تو مزید قدم اٹھانے سے پہلے عملے کے کسی سینئر رکن سے بات کریں۔ گاہک سے کسی بھی خطرے کی وضاحت کریں، اور اگر وہ ڈرائی کلین کروانے پر راضی ہو، تو یقینی بنائیں کہ اس کی رضامندی کو دستاویزی شکل دی جائے۔

زیادہ تر کپڑوں میں یہ شامل ہوتے ہیں:

- قدرتی ریشے: کپاس، لینن، اون، ریشم
- مصنوعی ریشے: پولیَسٹَر، نائیلون، مائکرو فائبرز
- مرکبات: ویسکوز، ریون، ایسیٹیٹ

ان کو عام طور پر محفوظ طریقے سے ڈرائی کلین کیا جا سکتا ہے۔

**اضافی چیزوں کا خیال رکھیں**

بیلٹوں، بٹنوں، سجاوٹی چیزوں اور غیر معمولی داغوں کے معاملے میں زیادہ احتیاط برتیں۔ ہمیشہ دیکھ بھال کی ہدایات پر عمل کریں، اور زیادہ خطرے والی اشیاء کے لیے، گاہک کے ساتھ متبادل طریقوں پر بات کریں اور تحریری منظوری حاصل کریں۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.drycleanersweb.com.au/resources/technical-information/dia-technical-videos

## اپنی ذمہ داریوں کو جانیں

### کسٹمر سروس

ڈرائی کلیننگ میں بہترین کسٹمر سروس فراہم کرنا ضروری ہے کیونکہ صارفین کے پاس دیگر انتخاب ہوتے ہیں۔ وہ آپ کے کاروبار کی اس وقت تک پرواہ نہیں کریں گے جب تک کہ وہ آپ کی پیشکش کردہ قابل قدر خدمات کو دیکھ نہ لیں، اس لیے شروع سے ہی ایک مضبوط، مثبت تاثر بنانا ضروری ہے۔

لباس اکثر جذباتی اہمیت رکھتے ہیں — لوگ لباس کو اعتماد، شناخت اور ذاتی یادوں سے جوڑتے ہیں۔ ایک ڈرائی کلینر کے طور پر، آپ پر ان بامعنی اشیاء کے حوالے سے بھروسہ کیا جاتا ہے، اس لیے لباس اور گاہک دونوں کے ساتھ احتیاط اور احترام کے ساتھ برتاؤ کرنا ضروری ہے۔

غلطیاں ہو سکتی ہیں، خواہ ڈرائی کلینر کی غلطی ہو، مینوفیکچرنگ کی خرابی، یا کوئی ایسی چیزہو جس پر گاہک نے دھیان نہ دیا ہو۔ آپ کا کردار یہ ہے کہ پیشہ ورانہ طور پر صورت حال کا جائزہ لیں، اسے واضح طور پر بیان کریں، اور اسے شائستگی کے ساتھ ہینڈل کریں۔

آسٹریلیا کے صارفین کے قانون کے تحت، خدمات مناسب دیکھ بھال اور مہارت کے ساتھ فراہم کی جانی چاہئیں۔ اگرایسا نہ ہو، تو صارفین کو تلافی کا حق حاصل ہو سکتا ہے، جس کا انحصار اس بات پر ہوتا ہے کہ مسئلہ معمولی ہے یا بڑا۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.drycleanersweb.com.au/resources/technical-information/dia-technical-videos

### پرکلوروایتھیلین (perc) ڈرائی کلیننگ میں Perc

Perc (پرکلوروایتھیلین) آسٹریلوی ڈرائی کلیننگ پلانٹس میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا سالوینٹ ہے۔ یہ متعدد مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے— نہ صرف اسے ڈرائی کلیننگ ایجنٹ کے طور پراستعمال کیا جاتا ہے، بلکہ یہ ٹیکسٹائل مینوفیکچرنگ میں گریس کم کرنے والے سالوینٹ، ہیٹ ایکسچینج فلوئڈ، اور ایک سکورنگ (scouring)، سائزنگ اور ڈی سائزنگ ایجنٹ کے طور پر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

جب اسے صحیح طریقے سے ہینڈل کیا جائے، تو perc کو ڈرائی کلیننگ کے ماحول میں استعمال کرنا محفوظ ہے۔ محفوظ طریقوں میں مدد دینے کے لیے، DIA نے ایک تربیتی ویڈیو تیار کی ہے جو پلانٹ کے اندر پرک بخارات کا مؤثر طریقے سے انتظام کرنے کے بارے میں واضح رہنمائی فراہم کرتی ہے۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.drycleanersweb.com.au/resources/technical-information/dia-technical-videos

### EPA وکٹوریہ

اپنی اصل حالت میں اور فضلے کے طور پردونوں صورتوں میں perc کی نوعیت کی وجہ سے، آسٹریلیا کی تمام ریاستوں اور ٹیریٹریز میں perc کو متعلقہ ماحولیاتی تحفظ کی ایجنسیاں (EPA) ایک قابل اطلاع ترجیحی فضلہ شمار کرتی ہیں۔

***قابل اطلاع ترجیحی فضلہ کیا ہوتا ہے؟*** قابل اطلاع ترجیحی فضلہ عام طور پر نوعیت کے لحاظ سے خطرناک ہوتا ہے۔ یہ ترجیحی فضلے کا ایک ذیلی سیٹ ہے اور اس کے لیے بلند ترین سطح کے کنٹرولنگ اقدامات ہوتے ہیں۔ اس قسم کا فضلہ انسانی صحت اور ماحول کے لیے سب سے بڑے خطرے کا باعث ہوتا ہے۔

یہ دکان/پلانٹ کے مالک کی ذمہ داری ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائے کہ ان کے perc فضلے کو صحیح طریقے سے ذخیرہ کیا جا رہا ہے اور ٹھکانے لگایا جا رہا ہے۔

***وکٹوریہ***

وکٹوریہ میں 1 جون 2021 سے جنرل انوائرمنٹل ڈیوٹی متعارف ہونے کے ساتھ EPA کے پاس پرک سالوینٹ کے انتظام اور پرک فضلے کو ٹھکانے لگانے کے بارے میں سخت ترین قواعد ہیں۔

عمومی معلومات:
https://www.epa.vic.gov.au/

وکٹوریہ میں، ڈرائی کلیننگ کے کاروبارکو EPA کے ساتھ رجسٹر کرنا ضروری ہے اور یہ ان کی ویب سائٹ کے ذریعے کیا جا سکتا ہے:
https://www.epa.vic.gov.au/for-business/permissions

### ڈرائر کی حفاظت

ڈرائی کلیننگ پلانٹس میں آگ لگنے کی ایک بڑی وجہ آگ کا خود بخود بھڑک اٹھنا ہے — جب مواد (جیسے لینن) میں تپش پیدا ہوتی ہے اور یہ بھڑکنے لگتا ہے، خاص طور پر اس وقت جب یہ گرم ہو اور اس کا ڈھیر لگا دیا جائے۔

گرم موسم میں اور تیل کی باقیات پر مشتمل مواد (مثلاً کوکنگ، عطریات، یا مچھلی کے تیل) سے خطرہ بڑھ جاتا ہے۔ اگرچہ ایسا شاذونادر ہوتا ہے، لیکن پھر بھی آگ اچانک لگ سکتی ہے، خاص طور پر تیل سے بنے پینٹ، ٹمبر سٹینز، اور السی جیسے خشک کرنے والے تیلوں کی وجہ سے۔

**آگ سے بچاؤ کے لیے:**

- ڈھیرلگانے سے پہلے چیزوں کو ٹھنڈا کریں۔
- تیل لگے ہوئے کپڑوں کو گرم پانی اور صابن میں اچھی طرح دھوئیں۔
- تیل میں بھیگی ہوئی دھجیوں کو سیدھا کرکے یا دھات کے مہر بند کنٹینروں میں اسٹور کریں۔
- خشک ہونے کے بعد گرم چیزوں کو گچھوں میں رکھنے سے گریز کریں۔

مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.drycleanersweb.com.au/resources/technical-information/dia-technical-videos